ستارہ پرآکسائیڈ لمیٹڈ

سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

نوٹس دیا جاتا ہے کہ ستارہ پرآکسائیڈ لمیٹڈ کا سالانہ اجلاس عام بروز بدھ 28 اکتوبر 2026 بوقت 04:00 بجے سہ پہر، بمقام بزنس سینٹر، 6th فلور ممتاز حسن روڈ کراچی میں ذاتی حیثیت میں موجود کی یا ویڈیو لنک حاضری کے ذریعے منعقد ہوگا، تاکہ مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی پر کارروائی کی جاسکے۔

عمومی امور:

1-7 جنوری 2026 میں منعقدہ سالانہ عمومی اجلاس کے منٹس کی توثیق کرنا۔

2-30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارہ جات ہمہ عبجہ مین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری کرنا۔

3- 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا ہے۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز RSM اویس حیدر، لیاقت نعمان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، اپنی مدت مکمل ہونے پر ریٹائر ہوگئے ہیں اور اہل ہونے کی وجہ سے انہوں نے دوبارہ تقرری کے لیے اپنی رضامندی ظاہر کی ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز، بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش کی بنیاد پر، آئندہ سال کے لیے میسرز RSM اویس حیدر، لیاقت نعمان کو آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ مقرر کرنے کی سفارش کرتا ہے۔

4-چیئرمین کی اجازت سے کسی دوسرے عمومی کام کی کاروائی کرنا۔

بحکم بورڈ

مظہر علی خان

کمپنی سیکرٹری

کراچی: 09 اکتوبر 2026

نوٹس:

1-شیئرز منتقلی کی کتابوں کی بندش:

کمپنی کی شیئر منتقلی کی کتابیں 22 اکتوبر 2026 تا 28 اکتوبر 2026 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو 21 اکتوبر 2026 کو کاروباری وقت کے اختتام سے پہلے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C32، جامی کمرشل سٹریٹ 2، D.H.A فیز 7، کراچی کے دفتر میں موصول ہوں گی انہیں کمپنی کے سالانہ عمومی اجلاس کے لیے بروقت اور قابل قبول تصور کیا جائے گا۔

2-سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت:

اس اجلاس میں حصہ لینے اور ووٹ ڈالنے کا حقدار کمپنی کا ممبر اس اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور رائے دہندگی کے لیے کمپنی کے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے۔

پراکسی کو موثر بنانے کے لیے درخواست شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C32، جامی کمرشل سٹریٹ 2، D.H.A فیز 7، کراچی کے دفتر میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے موصول ہونی چاہیے۔

سی ڈی سی (CDC) اکاؤنٹ ہولڈرز/سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے طے شدہ درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

اجلاس میں شرکت کے لیے:

1-انفرادی افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق اپلوڈ کی گئی ہیں ان کو میٹنگ میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کرنے کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

2-کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی جس میں نامزد افراد کے دستخط کے نمونے (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں) تو پیش کرنے ہوں گے۔

پراکسیز کی تقرری کے لیے:

1-انفرادی افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات جو ضوابط کے مطابق اپلوڈ کی گئی ہیں۔ انہیں اوپر بیان کردہ تقاضوں کے مطابق پروکسی فارم جمع کرنا ہوگا۔ پراکسی فارم کی تصدیق دو افراد کریں گے جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج کیے جائیں گے۔ مالکان اور پراکسی کی قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائیں گی۔

2-کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا فیصلہ/پاور آف اٹارنی جس میں اس شخص کے دستخط کا نمونہ شامل ہو جسے کارپوریٹ ادارے کی جانب سے نمائندگی اور ووٹ دینے کے لیے نامزد کیا گیا ہے اسے پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرار کو پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

3-پراکسی فارم اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے جو ارکین کو بھیجا جارہا ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.sitaraperoxide.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی:

دی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے مورخہ 26 مارچ 2021 کو اپنے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc/2016-639-640 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 (دی ایکٹ) کے سیکشن 72 کی شق کی تعمیل کریں جس میں فزیکل فارم میں جاری کردہ شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کیا گیا ہے۔ ستارہ پرآکسائیڈ لمیٹڈ (کمپنی) بھی ایک لسٹڈ کمپنی ہونے کے ناطے مذکورہ ایکٹ کی شق پر عمل کرنے کی پابند ہے۔

ستارہ پرآکسائیڈ لمیٹڈ کے وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل فولیوز/شیئر سرٹیفکیٹس ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم میں منتقل کریں۔ شیئر ہولڈر فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے اپنے بروکر PSX ممبر CDC پارٹیسپنٹ یا CDC انویسٹر اکاؤنٹ فراہم کرنے والوں کی مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

یہ عمل شیئر ہولڈرز کے لیے کئی طریقوں سے سہولت فراہم کرے گا، جن میں شیئرز کی حفاظت، شیئرز کے نقصان کی روک تھام، متبادل شیئرز کے اجراء کے لیے درکار رسمی کارروائیوں سے بچنا اور اوپن مارکیٹ میں بہتر نرخوں پر خرید وفروخت کے لیے آسانیاں شامل ہیں۔

قومی شناختی کارڈ کی کاپیاں جمع کرانا (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہوں)۔

انفرادی شیئر ہولڈرز کو ایک بار پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ اپنے درست قومی شناختی کارڈ کی کاپی کمپنیز رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو جمع کرائیں (اگر پہلے جمع نہیں کرائی تو) کمپنی کے ریکارڈ میں شیئر ہولڈرز کے CNIC کی درست کاپی کی عدم دستیابی کی صورت میں کمپنی کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243 اور کمپنیز کے ضابطہ 6 کے تحت منافع روک لے گی۔

ای میل یا DVD/CD کے ذریعے سالانہ رپورٹس کی الیکٹرانک ترسیل:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق سالانہ رپورٹس تمام شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک طریقے سے بھیجی جائیں گی۔

تاہم وہ شیئر ہولڈرز جو مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو فارم پر کر کے (جو کمپنی کی ویب سائٹ www.sitaraperoxide.com.pk پر موجود ہے) کمپنی کے پتے پر بھیجنا ہوگا۔

کمپنی نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے انتظامات کیے ہیں کہ شیئر ہولڈر سمیت تمام شرکاء اب ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ جو ارکان ویڈیو لنک کے ذریعے AGM میں شرکت کے خواہاں ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل تفصیلات اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی دونوں جانب سے درست کاپی reg.agm@sitaraperoxide.com پر بھیج کر خود کو کم از کم 48 گھنٹے پہلے رجسٹر ڈ کرائیں۔

ممبر کا نام	شناختی کارڈ نمبر	سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر	موبائل نمبر	رجسٹرڈ ای میل ایڈریس

جو ارکین رجسٹرڈ ہوں گے، ان کو ضروری تصدیق کے بعد کمپنی کی ای میل سے پاس ورڈ پروٹیکٹڈ ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ یہ لنک سالانہ اجلاس عام والے دن 3:30PM سے لے کر میٹنگ کے اختتام تک ایوین رہے گا۔

مالیاتی گوشواروں کی موجودگی:

30 جون 2026 تک ختم ہونے والے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.sitaraperoxide.com.pk پر موجود ہیں۔

ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری اطلاع کریں۔

ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری اطلاع کریں۔